# 12-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاست میں کل بلدی انتخابات میں ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کیلئے تمام انتظامات کر لئے گئے ہیں۔

۲۔تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کو گاندھی سرو ور پروجیکٹ کے سنگ بنیاد کی تقریب میں شرکت کیلئے مدعو کیا ہے۔

۳۔حالیہ تجارتی معاہدہ کے بعد امریکہ کے ساتھ بھارت کی فاضل تجارت سالانہ 90 ارب ڈالر سے تجاوز کر سکتی ہے۔ایس بی آئی کی ریسرچ رپورٹ میں یہ بات کہی گئی۔

۴۔ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے مکتھل میونسپلٹی میں بی جے پی کے امیدوار مہادیواپا کی خودکشی کے واقعہ میں ملوث ہونے کی تردید کی ہے۔

اور

۵۔ٹی 20 ورلڈ میں آج شام دہلی میں بھارت کا مقابلہ نامبیا سے ہو رہا ہے۔

CM - RAJNATH:

تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کو گاندھی سرو ور پروجیکٹ کے سنگ بنیاد کی تقریب میں شرکت کیلئے مدعو کیا ہے۔ یہ تقریب جاریہ مہینہ کے آخری ہفتہ میں منعقد ہوگی۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کل جو دہلی پہنچے اے آئی سی سی کے صدر ملکارجن کھرگے سے ملاقات کی اور انہیں ریاست میں منعقدہ بلدی انتخابات سے واقف کروایا۔آج چیف منسٹر نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے ملاقات کی۔ انہوں نے مرکزی وزیر کو گاندھی سرو ور پروجیکٹ کے سنگ بنیاد کی تقریب کیلئے مدعو کیا۔ریونت ریڈی نے راج ناتھ سنگھ کو بتایا

کہ عیسیٰ اور موسیٰ ندی کے سنگم پر تعمیر کیا جانے والا یہ پروجیکٹ موسی ریور فرنٹ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کا اہم جز ہے۔ انہوں نے مرکزی وزیر کو یہ بھی بتایا کہ ریاستی حکومت باپوگھاٹ کو تعلیم، ثقافت، روحانیت اور ماحولیاتی بیداری کیلئے عالمی درجہ کے مرکز کی حیثیت سے ترقی دینے کا منصوبہ رکھتی ہے۔

US-TRADE:

حالیہ تجارتی معاہدہ کے بعد امریکہ کے ساتھ بھارت کی فاضل تجارت سالانہ 90 ارب ڈالر سے تجاوز کرسکتی ہے۔ اِس کے نتیجہ میں سالانہ کم ازکم 45 ارب ڈالرس کی زائد تجارت ہوگی۔ اسٹیٹ بینک آف انڈیا کی جانب سے جاری کی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ یہ اضافہ بھارت کے جی ڈی پی کا ایک اعشاریہ ایک فیصد ہے۔ اِس کے نتیجہ میں غیرملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں تین ارب ڈالرس کی بچت ہوگی۔ ایس بی آئی کے چیف اکنامک اڈوائزر سومیا کانتی گھوش نے بتایا کہ ابتدائی تخمینہ کے مطابق امریکہ کو 15 اہم اشیاء کی برآمدات میں سالانہ 97 ارب ڈالرس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ اگر دیگر اشیاء کو شامل کیا جائے تو یہ اضافہ 100 ارب ڈالرس سے بھی زیادہ ہوجائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ سال امریکہ کے ساتھ بھارت کی فاضل تجارت 40.9 ارب ڈالرس تھی۔ یہ اب بڑھ کر سالانہ 90 ارب ڈالر سے زیادہ ہوگئی۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ یوروپی یونین کے ساتھ حالیہ تجارتی معاہدہ کی وجہ سے 260 ارب ڈالرس کی ٹکسٹائل مارکٹ بھارت کیلئے کھل گئی ہے۔ ٹکسٹائل کی درآمدات پر زیرو ڈیوٹی ہوگی۔

BJP-US TRADE:

پنجاب میں بی جے پی کے صدر سنیل جاکھر نے ہند۔امریکہ تجارتی معاہدہ پر مذاکرات کیلئے

کسانوں کی تنظیموں کو مدعو کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسانوں کو اِس معاہدہ میں کوئی خامی نظر آتی ہے تو انہیں احتجاج کے بجائے بات چیت کا راستہ اختیار کرنا چاہیئے۔ انہوں نے اعادہ کیا کہ اس معاہدہ کا کسانوں، خصوصاً پنجاب کے کسانوں پر کوئی خراب اثر نہیں پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدہ سے صنعت اور تجارت کو فائدہ ہوگا اور نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

VAKITI:

ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے مکتھل میونسپلٹی میں بی جے پی کے امیدوار مہادیوا پا کی خودکشی کے واقعہ میں ملوث ہونے کی تردید کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اگر ان کے خلاف الزامات صحیح ثابت ہوتے ہیں تو وہ کسی بھی قسم کے نتائج کا سامنا کرنے تیار ہیں۔ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے کبھی بھی مہادیوا پا کو طلب نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ کال ڈیٹا ریکارڈ کے ذریعہ اس کی تصدیق کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہادیوا پا کی موت کی وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ سے ہی معلوم ہوگی۔ سری ہری نے کہا کہ بی جے پی امیدوار کے ارکانِ خاندان کا کہنا ہے کہ انتخابات سے متعلق خوف کی وجہ سے انہوں نے خودکشی کی۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ اِس معاملہ میں قانون اپنا کام کرے گا۔

NARAYANAPET:

بلدی انتخابات میں ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کیلئے تمام انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ نارائن پیٹ ضلع کے اڈیشنل کلکٹر سرینواس نے یہ بات بتائی۔ مکتھل میونسپلٹی میں ووٹوں کی گنتی کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میونسپلٹی میں 16 وارڈس ہیں لیکن ایک وارڈ

میں بی جے پی امیدوار کی خودکشی کی وجہ سے انتخابات نہیں ہوئے۔ ووٹوں کی گنتی کل صبح 8 بجے شروع ہوگی۔ سب سے پہلے پوسٹل بیالٹ کی گنتی ہوگی۔ دوپہر ایک بجے تک نتائج کے اعلان کی توقع ہے۔

GRANTS:

مرکزی حکومت نے 15 ویں فینانس کمیشن کے گرانٹس کے تحت تلنگانہ میں گرام پنچایتوں کیلئے مزید فنڈس جاری کئے ہیں۔ ابتداء میں 259.36 کروڑ روپے جاری کئے جانے کے بعد 387 کروڑ روپے کی تازہ قسط جاری کی گئی ہے۔ اس طرح اب تک 646.46 کروڑ روپے جاری کئے گئے ہیں۔ ریاست میں پنچایت انتخابات کی تکمیل کے بعد مرحلہ وار انداز میں فنڈس جاری کئے جارہے ہیں۔

PRADHAN:

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ حکومت تعلیم کے شعبہ میں آرٹیفیشل انٹلیجنس کے استعمال کو فروغ دینے کیلئے کوشاں ہے۔ قومی دارالحکومت میں بھارت بودھان، اے آئی کانکلیو 2026ء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کے تعلیمی نظام میں اے آئی پر کام تیزی کے ساتھ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے پاس اے آئی میں کافی ہنر موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے آئی کو تیسری جماعت سے بھارت کے تعلیمی ڈھانچہ میں شامل کیا جائے گا۔

BYTE

CS:

چیف سکریٹری کے راما کرشنا راؤ نے بھاری صنعتوں میں آگ حادثات کی روک تھام اور ملازمین کی سلامتی کیلئے ضروری اقدامات کرنے اعلیٰ سطحی عہدیداروں کو ہدایت دی ہے۔ سیگاچی انڈسٹری میں آگ کے حالیہ حادثہ کے سلسلہ میں آج سکریٹریٹ میں ایک جائزہ اجلاس کے دوران چیف سکریٹری نے ہدایت دی کہ ضروری احتیاطی اقدامات پر مشتمل ایک واضح مینول تیار کیا جائے۔ انہوں نے عدالتی مقدمات کی پیشرفت اور مہلوک مزدوروں کے خاندانوں کو ایکس گریشیاء کی ادائیگی کا جائزہ لیا۔ راما کرشنا راؤ کو عہدیداروں کو مزید ہدایت دی کہ وہ ریاست بھر میں بڑی، درمیانی اور چھوٹی صنعتوں کی جانچ کیلئے مختلف محکموں کے عہدیداروں پر مشتمل ٹیمیں تیار کریں۔

PM:

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وزیر فینانس نرملا سیتا رامن نے لوک سبھا میں اپنی تقریر کے ذریعہ واضح طور پر بتا دیا کہ اِس سال کے بجٹ سے کس طرح ملک کی معیشت کو فروغ ملے گا۔ لوک سبھا میں بجٹ پر مباحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر فینانس نے جو تقریر کی اُس کا ویڈیو آج وزیراعظم نے سوشل میڈیا پر شیئر کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر فینانس نے اصلاحات کے عمل، چھوٹی صنعتوں کی مدد، ہنر مندی، جدید انفرا اسٹرکچر کی فراہمی، تعلیم اور دیگر امور پر زور دیا۔

CM-NAIDU

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو سے ملاقات کی اور تلنگانہ میں اہم ایرپورٹ پروجکٹس پر تبادلہ خیال کیا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ مامنور ایرپورٹ کیلئے

اراضی کا مکمل ہوگیا ہے۔ انہوں نے فوری اِس ایر پورٹ کے کام شروع کرنے کی درخواست کی۔ کوتہ گوڑم میں مجوزہ ایر پورٹ کے سلسلہ میں انہوں نے مرکزی وزیر سے درخواست کی کہ پلونچا میں اراضی کی نشاندہی کے بعد او ایل ایس سروے کرایا جائے۔ انتر گاؤں ایر پورٹ کیلئے ریونت ریڈی نے متبادل مقام کی نشاندہی کی بنیاد پر فوری منظوریوں کی درخواست کی۔ چیف منسٹر نے مرکزی وزیر کو یہ بھی بتایا کہ عادل آباد ایر پورٹ کی تعمیر کیلئے مرکزی حکومت کو 249.82 ایکر زمین حوالگی کیلئے تیار ہے۔

ICC MEN'S T20

مردوں کے آئی سی سی T20 کرکٹ ورلڈ کپ میں ممبئی میں کھیلے جارہے میاچ میں اٹلی نے نیپال کو ۔۔۔۔ وکٹوں سے شکست دی۔ اٹلی نے ٹاس جیت کر نیپال کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی۔ نیپال کی ٹیم 20 ویں اوور میں 123 پر آل آؤٹ ہوگئی۔ جواب میں اٹلی نے کامیابی کا نشانہ صرف ۔۔۔ اوورس میں ۔۔۔۔ وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ آج شام دہلی میں بھارت کا مقابلہ نامبیا سے ہوگا۔ اس سے قبل دن میں کھیلے گئے پہلے میاچ میں سری لنکا نے عمان کو 105 رن سے شکست دی۔ سری لنکا نے 20 اوورس میں پانچ وکٹ کھو کر 226 رن بنائے۔ جواب میں عمان کی ٹیم 9 وکٹ کھو کر صرف 120 رن بنا سکی۔

○○